ایجوکیشن	نہم...... گوجرانوالہ بورڈ، 2024ء	پرچہ-I
وقت: 2.10 گھنٹے	انشائیہ طرز	کل نمبر: 60

(حصہ اول)

-2 کوئی سے آٹھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے عربوں کی ثقافت کی تشکیل نو کیسے کی؟

(ii) رسمی تعلیم کی دو مثالیں لکھیے۔

(iii) علم کی اہمیت سے متعلق قرآنی آیت مع ترجمہ لکھیے۔

(iv) امریکہ اور یورپی ممالک جیسے جمہوری ممالک کے مقاصد تعلیم میں کس بات کو بنیاد بنایا جاتا ہے؟

(v) نظریۂ حیات سے کیا مراد ہے؟

(vi) ثقافتی ورثہ کی بے جا تقلید کے دو نقصانات تحریر کیجیے۔

(vii) علم التعلیم کی اہمیت کی دو وجوہات بیان کیجیے۔

(viii) تعلیم کا جدید تصور کیا ہے؟

(ix) علم التعلیم کے دو رُخ تحریر کیجیے۔

-3 کوئی سے آٹھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) بالیدگی اور نشوونما میں فرق بیان کیجیے۔

(ii) طفولیت کی وضاحت کیجیے۔

(iii) شیر خوارگی میں بچے کی لسانی نشوونما کیسے ہوتی ہے؟

(iv) طفولیت کے دور میں معاشرتی نشوونما کے حوالے سے بچے میں کون سی صلاحیتیں پیدا ہوتی ہیں؟

(v) بچپن میں بچے کی لسانی نشوونما بیان کیجیے۔

(vi) بلوغت کے دور میں افراد کی معاشرتی نشوونما کے حوالے سے دو اہم خوبیاں بیان کیجیے۔

(vii) تعلم کے عمل کے لیے کیا چیز ابتدائی بنیاد فراہم کرتی ہے؟

(viii) بچے کی شخصیت میں باغیانہ کیفیات جنم لینے کی وجوہات تحریر کیجیے۔

(ix) جسمانی اختلافات کی دو مثالیں دیجیے۔

-4 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) دو طرح کے معاشرتی اختلافات لکھیے۔

(ii) دلچسپی تعلم پر کیسے اثر انداز ہوتی ہے؟

(iii) رکاوٹ بننے والے عناصر وعوامل کا تعلم میں کردار بیان کیجیے۔

(iv) بچے کی تربیت میں گھر کا کیا کردار ہے؟

(v) آپ کے خیال میں گھر اور سکول کی تربیت بچے کی شخصیت پر کیا اثرات مرتب کرتی ہے؟

(vi) نصاب سازی کا عمل کیسے انجام پاتا ہے؟

(vii) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے کیا فرائض ہیں؟

(viii) کمیونٹی کون کون سے امور سرانجام دیتی ہے؟

(ix) نیشنل بک فاؤنڈیشن کن شعبوں سے متعلقہ کتب شائع کرتی ہے؟

حصہ دوم

نوٹ: کل تین سوالات کے جوابات لکھیے۔

-5 تعلیم کا عمومی تصور تفصیل سے بیان کیجیے۔ 8

-6 فرد کی ضروریات کی تکمیل سے آئندہ کے معاشرے پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟ 8

-7 بلوغت کے دور میں جسمانی، ذہنی، جذباتی اور لسانی نشوونما بیان کیجیے۔ 8

-8 تعلم کے عمل کی خصوصیات بیان کیجیے۔ ہر خصوصیت کے لیے ایک ایک مثال بھی لکھیے۔ 8

-9 گھر، سکول، کمیونٹی اور معاشرے کا تعلق بیان کیجیے۔ 8